Click https://bit.ly/FG-Books to download all PDF FG books for FREE

یہ کتاب نیشنل کریکولم کونسل، وزارتِ وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت اسلام آباد نے بطور نصابی کتاب 2020-21 منتخب کی ہے، اور وفاقی نظامتِ تعلیمات کے زیرِ انتظام اسکولوں میں مفت تقسیم کی جا رہی ہے۔

# اردو

## دوسری جماعت کے لیے

نصاب ۲۰۱۷ کے مطابق

Not for Sale



نیشنل کریکولم کونسل، وزارتِ وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت، حکومتِ پاکستان

Click https://bit.ly/FG-Books to download all PDF FG books for FREE

# اردو

## دوسری جماعت کے لیے

منظور کردہ

وزارتِ وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت

اور

وفاقی نظامتِ تعلیمات، وزارتِ کیڈ، حکومتِ پاکستان

Click https://bit.ly/FG-Books to download all PDF FG books for FREE

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے۔

# فہرست


| نمبر شمار | اسباق | صفحہ نمبر | آؤ سمجھیں (تفہیم) | بات سے نکلے بات (سننا، بولنا) |
|---|---|---|---|---|
| ۱ | حمد (نظم) | ۲ | مختصر سوالات، شعروں کی تکمیل | تصویر دیکھ کر سوالوں کے جواب دینا |
| ۲ | نعت (نظم) | ۸ | مختصر سوالات | تصویر کے متعلق بات چیت کرنا |
| ۳ | بلو کی آئی شامت | ۱۴ | مختصر سوالات، غلط درست بیانات کی نشان دہی | سن کر یاد رکھنا، کہانی سن کر اہم نکات بیان کرنا |
| ۴ | آؤ مل کر کھیلیں (سنانے کی کہانی) | ۲۱ | سن کر سمجھنا، سن کر متن کی تفہیم، اچھی عادتوں کے متعلق جاننا، اچھی عادتیں اپنانے کی ترغیب حاصل کرنا | |
| | جائزہ نمبر ۱ | | | |
| ۵ | میرا قائد | ۲۷ | مختصر سوالات، کالم ملانا | تصویروں کے نام اور ارکان کی تعداد تالی بجا کر بتانا |
| ۶ | میری گڑیا (نظم) | ۳۴ | مختصر سوالات، مصرعوں کی تکمیل | پسند کے کھیل کے متعلق بات چیت کرنا |
| ۷ | ہماری ذمہ داری | ۴۱ | مختصر سوالات، غلط درست بیانات کی نشان دہی | دیے گئے پراجیکٹ پر کام کرنا، ماحول کی آلودگی کے متعلق بات چیت کرنا |
| ۸ | اور گاڑی چلی گئی (سنانے کی کہانی) | ۴۸ | سن کر سمجھنا، سن کر متن کی تفہیم، وقت کی پابندی کرنے کی ترغیب حاصل کرنا | |
| | جائزہ نمبر ۲ | | | |
| ۹ | کفایت شعاری (سنانے کی کہانی) | ۵۲ | سن کر سمجھنا، سن کر متن کی تفہیم، کفایت شعاری کا مفہوم سمجھنا اور عملی زندگی میں اسے اپنانا | |
| ۱۰ | ہمارے مددگار | ۵۵ | مختصر سوالات، غلط درست بیانات کی نشان دہی | مختلف پیشوں کے بارے میں بات چیت کرنا |

Click https://bit.ly/FG-Books to download all PDF FG books for FREE

| لفظوں کا کھیل (الفاظ سازی) | آؤ پڑھیں (پڑھنا) | قواعد سیکھیں (زبان شناسی) | آؤ لکھیں (لکھنا) |
|---|---|---|---|
| حروف ملا کر لفظ بنانا | دی گئی عبارت درست تلفظ اور روانی سے پڑھنا | واحد، جمع کا تصور | دی گئی تصویروں کے بارے میں تین تین جملے لکھنا |
| حرف کے اضافے سے نئے الفاظ بنانا | دیے گئے اشعار کو درست تلفظ اور آہنگ سے پڑھنا | متضاد الفاظ کا تصور | دیے گئے عنوان پر پانچ جملے لکھنا |
| لفظ کا درمیانی حرف بدل کر نیا لفظ بنانا | دی گئی عبارت درست تلفظ اور روانی سے پڑھنا اور عبارت سے متعلق سوالوں کا جواب دینا | الفاظ کی ترتیب درست کر کے جملے بنانا، دیے گئے پیراگراف کو خوش خط لکھنا | دیے گئے عنوان پر پانچ جملے لکھنا |

## جائزہ نمبر ۱

| لفظوں کا کھیل (الفاظ سازی) | آؤ پڑھیں (پڑھنا) | قواعد سیکھیں (زبان شناسی) | آؤ لکھیں (لکھنا) |
|---|---|---|---|
| لفظوں کے حروف الگ کرنا اور آخری حرف سے نیا لفظ بنانا | دی گئی عبارت درست تلفظ اور روانی سے پڑھنا | حروف جار کی پہچان | دیے گئے عنوان پر پانچ جملے لکھنا |
| حروف ملا کر لفظ بنانا | دیے گئے اشعار کو درست تلفظ اور آہنگ سے پڑھنا | اسم کا تصور | تصویروں سے متعلق پانچ جملے لکھنا |
| لفظ کے آخری حرف سے نیا لفظ بنانا | دی گئی عبارت درست تلفظ اور روانی سے پڑھنا اور عبارت سے متعلق سوالوں کے جواب دینا | کلمہ اور مہمل کا تصور<br>امالہ کا تصور | دیے گئے عنوان پر پانچ جملے لکھنا |

## جائزہ نمبر ۲

| لفظوں کا کھیل (الفاظ سازی) | آؤ پڑھیں (پڑھنا) | قواعد سیکھیں (زبان شناسی) | آؤ لکھیں (لکھنا) |
|---|---|---|---|
| ارکان کی ترتیب درست کر کے لفظ بنانا | دی گئی عبارت درست تلفظ اور روانی سے پڑھنا | واحد، جمع کا تصور | دیے گئے پیشوں کے بارے میں ایک ایک جملہ لکھنا |

Click https://bit.ly/FG-Books to download all PDF FG books for FREE


| نمبر شمار | اسباق | صفحہ نمبر | آؤ سمجھیں (تفہیم) | بات سے نکلے بات (سننا، بولنا) |
|---|---|---|---|---|
| ۱۱ | سارے جہانوں کے لیے رحمت | ۶۲ | مختصر سوالات، جملوں کی تکمیل | دیے گئے موضوع پر بات چیت کرنا |
| ۱۲ | پڑھ لکھ کر ہم نام کریں گے | ۷۰ | مختصر سوالات، مصرعوں کی تکمیل | دی گئی تصویروں پر بات چیت کرنا |
| ۱۳ | سانجھی خوشیاں (سنانے کی کہانی) | ۷۷ | سن کر سمجھنا، سن کر متن کی تفہیم، کفایت شعاری کا مفہوم سمجھنا اور عملی زندگی میں اسے اپنانا، رواداری کا مفہوم سمجھنا، مل جل کر رہنے کی اہمیت سے آگاہ کرنا | |
| جائزہ نمبر ۳ | | | | |
| ۱۴ | فخرِ پاکستان، ارفع کریم (سنانے کی کہانی) | ۸۲ | (سنانے کی کہانی) سن کر لکھنا، سن کر متن کی تفہیم، ہونہار کم عمر مائیکروسافٹ پروفیشنل کا اعزاز حاصل کرنے والی بچی ارفع کریم سے متعلق معلومات حاصل کرنا۔ | |
| ۱۵ | موبائل فون کی کہانی | ۸۵ | مختصر سوالات | موبائل فون کی اہمیت پر بات چیت کرنا |
| ۱۶ | عید الفطر | ۹۲ | مختصر سوالات، غلط درست بیانات کی نشان دہی | عید کے متعلق بات چیت کرنا |
| ۱۷ | ٹوٹ بٹوٹ نے کھیر پکائی | ۹۹ | مختصر سوالات، دیے گئے پراجیکٹ پر کام کرنا | پڑھا گیا متن اپنے لفظوں میں بیان کرنا |
| ۱۸ | ہمارا پرچم (سنانے کی کہانی) | ۱۰۶ | سن کر سمجھنا، سن کر متن کی تفہیم، قومی پرچم کے متعلق معلومات حاصل کرنا، قومی پرچم کی حفاظت کی ترغیب دینا | |
| جائزہ نمبر ۴ | | | | |
| ۱۹ | اے اللہ تو دوست ہمارا (سنانے کی نظم) | ۱۱۱ | سن کر سمجھنا، سوالات کے زبانی جواب دینا، اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کرنا | |
| ۲۰ | چڑیا گھر کی سیر | ۱۱۴ | مختصر سوالات، کثیر الانتخابی سوالات | دیے گئے سوال کے متعلق بات چیت کرنا |
| ۲۱ | چھک چھک کرتی ایک سواری | ۱۲۳ | مختصر سوالات، کثیر الانتخابی سوالات | دی گئی تصویروں پر بات چیت کرنا |
| ۲۲ | پہیلیاں | ۱۳۰ | پہیلیوں میں چھپی دانش سمجھنا، پہیلیاں بوجھنا | |
| ۲۳ | ہمدردی (سنانے کی نظم) | ۱۳۱ | سن کر سمجھنا، سن کر متن کی تفہیم، دوسروں کی مدد کرنے کی ترغیب حاصل کرنا | |
| جائزہ نمبر ۵ | | | | |

Click https://bit.ly/FG-Books to download all PDF FG books for FREE

| لفظوں کا کھیل (الفاظ سازی) | آؤ پڑھیں (پڑھنا) | قواعد سیکھیں (زبان شناسی) | آؤ لکھیں (لکھنا) |
|---|---|---|---|
| لفظ کا پہلا رکن بدل کر نیا لفظ بنانا | دی گئی عبارت درست تلفظ اور روانی سے پڑھنا اور عبارت سے متعلق سوالوں کا جواب دینا | فعل کی پہچان، الفاظ کی ترتیب درست کر کے جملے بنانا | دیے گئے عنوان پر پانچ جملے لکھنا |
| لفظ کا آخری رکن بدل کر نیا لفظ بنانا | دیے گئے اشعار کو درست تلفظ اور آہنگ سے پڑھنا | فعل، فاعل اور مفعول کی پہچان | دیے گئے موضوع پر فہرست تیار کرنا اور چار جملے لکھنا |
| | | | |
| **جائزہ نمبر ۳** | | | |
| | | | |
| لفظ آخری حرف سے نیا لفظ بنانا | دی گئی عبارت درست تلفظ اور روانی سے پڑھنا اور عبارت سے متعلق سوالوں کا جواب دینا | الف بائی ترتیب سے الفاظ لکھنا، متضاد الفاظ کا تصور | تصویروں سے متعلق دو دو جملے لکھنا، اپنے گھر کا پتا اور فون نمبر لکھنا |
| الفاظ کے حروف الگ الگ کرنا | بے معنی لفظوں کو روانی سے پڑھنا | ختمہ، سوالیہ اور سکتہ کا استعمال | عید کارڈ بنانا اور پیغام لکھنا |
| لفظ کے آخری حرف سے نیا لفظ بنانا | دی گئی عبارت درست تلفظ اور روانی سے پڑھنا | فعل کی اقسام (فعل ماضی، فعل حال، فعل مستقبل) نظر رکھ کر جملے بنانا واحد جمع کا تصور | تصویر کے متعلق پانچ جملے لکھنا |
| | | | |
| **جائزہ نمبر ۴** | | | |
| | | | |
| لفظ کا آخری حرف بدل کر نیا لفظ بنانا، الفاظ پر اعراب لگانا اور درست تلفظ سے ادا کرنا | دی گئی عبارت درست تلفظ اور روانی سے پڑھنا اور عبارت سے متعلق سوالوں کا جواب دینا | امر و نہی کا تصور، اسم کا تصور | دی گئی تصویروں کے متعلق پانچ جملے لکھنا، خاکے کی مدد سے کہانی مکمل کرنا |
| عدد دیکھ کر گنتی لفظوں میں لکھنا | دی گئی عبارت درست تلفظ اور روانی سے پڑھنا | سوالیہ جملے بنانا، امالہ کا تصور | دیے گئے عنوان پر پانچ جملے لکھنا |
| | | | |
| | | | |
| **جائزہ نمبر ۵** | | | |

Click https://bit.ly/FG-Books to download all PDF FG books for FREE

# پیش لفظ

اُردو کی دوسری کتاب آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ یہ کتاب وزارت وفاقی تعلیم و پیشہ وارانہ تربیّت، اسلام آباد، حکومت پاکستان کے تیار کردہ نصاب برائے اُردو ۲۰۱۷ء کے عین مطابق ہے۔ یہ کتاب وزارت وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیّت اور وفاقی نظامتِ تعلیمات، اسلام آباد کے باہمی تعاون سے تیار کی گئی ہے۔ اس کتاب کی تیاری نظرِ ثانی اور منظوری تک کے تمام مراحل میں آفاق سے وابستہ مصنّفین، نصاب سازی کے ماہرین، سرکاری و نجی تعلیمی اداروں کے ماہر اساتذہ اور تربیّتِ اساتذہ سے تعلق رکھنے والے اداروں کے ماہرین نے شرکت کی۔ ان سب کی ماہرانہ رائے اور تجاویز سے اِس کتاب کو نصابی تقاضوں کے مطابق بنانے اور دینی، ملّی و قومی، معاشرتی اور اخلاقی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے میں مدد ملی۔

کتاب کی زبان سادہ اور آسان ہے۔ ذخیرۂ الفاظ اور معلومات کی پیش کاری میں عمر اور درجے کا خاص خیال رکھا گیا ہے۔ اسباق میں تمام مہارتوں (سننا، بولنا، پڑھنا، لکھنا، تقریر، تخلیقی لکھائی، زبان شناسی اور روز مرّہ زندگی کی مہارتوں) کا احاطہ کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اسباق کو مؤثر اور دل چسپ بنانے کے لیے دیدہ زیب تصاویر استعمال کی گئی ہیں۔ جدید طرز پر مرتبہ مشقوں میں یہ خیال رکھا گیا ہے کہ معلومات اور فہم کے جائزے کے ساتھ ساتھ طلبہ و طالبات کی ذہنی و تخلیقی صلاحیتوں کو اجاگر کر کے انھیں پروان چڑھانے کی راہ ہموار ہو۔ اس کے ساتھ ساتھ بچّوں کی کردار سازی پر توجہ دی گئی ہے۔

کتاب کی چند نمایاں خصوصیات یہ ہیں:

- تدریسی مقاصد ہر سبق کے آغاز میں الگ صفحے پر دیے گئے ہیں تاکہ ان پر توجہ مرکوز کی جا سکے۔
- بچّوں کی ذہنی آمادگی کے لیے ''پڑھنے سے پہلے'' کے سوالات دیے گئے ہیں۔
- اسی طرح ''پڑھنے کے دوران میں'' کے تحت ایسے سوالات دیے گئے ہیں جن کی مدد سے بچوں کی پوری توجہ حاصل کر کے تدریس کو مؤثر بنایا جا سکتا ہے۔
- ''اہم الفاظ'' کے عنوان کے تحت سبق میں موجود مشکل الفاظ کے معانی دیے گئے ہیں۔
- ''آؤ سمجھیں'' کے سوالات سبق کے اہم حصوں کے جائزے پر مبنی ہیں۔ سوالات کی نوعیت معلوماتی، تفہیمی، اطلاقی اور تخلیقی ہے۔
- ''بات سے نکلے بات'' کا مقصد بچّوں میں غور و فکر کی صلاحیت کے ساتھ ساتھ سننے اور بولنے کی مہارتیں پروان چڑھانا ہے تاکہ اُن کے ذخیرۂ الفاظ میں اضافہ ہو سکے۔
- سننے کی صلاحیت کی نشو و نما کے لیے کتاب میں بطورِ خاص سنانے کے اسباق (چھ کہانیاں، دو نظمیں) شامل کیے گئے ہیں۔ یہ اسباق اساتذہ پڑھ کر سنائیں گے۔
- ''لفظوں کا کھیل'' کے عنوان کے تحت بچّوں کی الفاظ سازی کی مشق کرانا مقصود ہے۔
- ''آؤ پڑھیں'' کے ذریعے سے بچّوں کے پڑھنے کی مہارت کو پروان چڑھانے کی کوشش کی گئی ہے۔
- ''قواعد سیکھیں'' میں اُردو زبان کے اُصول اور قواعد پیش کیے گئے ہیں۔
- ''آؤ لکھیں'' میں بچّوں کو لکھنے کی ترغیب دی گئی ہے۔ اسی عنوان کے تحت بچوں کی تخلیقی صلاحیت کی نشو و نما کا اہتمام بھی کیا گیا ہے۔
- ''آؤ مزید جانیں'' میں موضوع کے متعلق اضافی معلومات پیش کی گئی ہیں۔

تمام مہارتوں اور سرگرمیوں کے لیے ''برائے اساتذہ'' کے تحت حسبِ ضرورت رہ نمائی دی گئی ہے تاہم اساتذہ صرف انھی ہدایات تک محدود نہ رہیں بلکہ وہ حالات اور دستیاب وسائل کے پیشِ نظر اپنے طور پر بھی تدریسی عمل کو مفید تر بنانے کے لیے اقدامات کر سکتے ہیں۔

اساتذہ کرام سے خصوصی گزارش ہے کہ جدید نفسیاتی اُصولوں کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے اسباق کی تدریس مؤثر اور دل چسپ انداز میں کی جائے اور اسباق میں دی گئیں سرگرمیوں پر خصوصی توجہ دی جائے اور حتی الامکان کمرۂ جماعت ہی میں ان مشقوں کی تکمیل کرائی جائے۔

اُمید ہے کہ اُردو سیکھنے سکھانے کے سلسلے میں یہ کاوش، طلبہ و طالبات کے لیے دل چسپ، مفید اور مؤثر ثابت ہوگی۔ اسے مزید بہتر بنانے کے لیے ہم آپ کی تجاویز اور مشوروں کے منتظر رہیں گے۔

Click https://bit.ly/FG-Books to download all PDF FG books for FREE

# حمد



## مقاصد

یہ سبق پڑھنے کے بعد طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- آہنگ اور لَے کے حوالے سے سادہ مصرعے، اشعار اور نظمیں سن کر لطف اٹھا سکیں۔
- کیا گیا سوال سمجھ کر اس کا جواب دے سکیں۔
- نظم کو سمجھ کر درست تلفظ کے ساتھ پڑھ سکیں۔
- ایک منٹ میں ۳۰ سے زائد الفاظ پر مشتمل عبارت درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔
- واحد سے جمع بنا سکیں۔
- تصویریں دیکھ کر تین تین جملے لکھ سکیں۔

## پڑھنے سے پہلے

- ہم سب کو پیدا کرنے والا کون ہے؟
- زمین و آسمان کس نے بنائے؟

## آؤ مزید جانیں

- اللہ تعالیٰ ہم سب کا خالق ہے، خالق کا مطلب ہے "پیدا کرنے والا"۔

برائے اساتذہ

یہ صفحہ اساتذہ کرام کے لیے ہے۔ تدریسی عمل کو مؤثر بنانے کے لیے سبق کے "مقاصد" دیے جا رہے ہیں جو اساتذہ کے لیے معاون ثابت ہوں گے۔ سبق کا متن پڑھانے سے قبل "پڑھنے سے پہلے" کے سوالات بچّوں سے پوچھیں تا کہ وہ پڑھنے کے لیے ذہنی طور پر تیار ہو سکیں۔ "پڑھنے کے دوران میں" کے سوالات متن پڑھانے کے دوران میں بچوں سے پوچھیں۔ "آؤ مزید جانیں" میں دی گئی اضافی معلومات بھی بچّوں کو موقع محل کے مطابق دی جائیں۔

Click https://bit.ly/FG-Books to download all PDF FG books for FREE

سبق ۱

# حمد

تُو سب کا مالک، سب کا خُدا تُو
بے آسرا ہم اور آسرا تُو

بَندوں پہ شَفقَت، ہے کام تیرا
لیتے ہیں ہر دَم، ہم نام تیرا

تُو نے بنائی، یہ ساری دنیا
یہ خُوب صُورت، یہ پیاری دنیا

حیوان، انساں تُو نے بنائے
شہر اور بیاباں، تُو نے بسائے

روشن کیے ہیں، تُو نے یہ تارے
یہ ننّھے ننّھے، یہ پیارے پیارے

باغوں میں تُو نے، پودے اُگائے
پُھول اور پَھل سب، تُو نے بنائے

ہے عام سب پر، احسان تیرا
اختر کو یا رب! ہے دھیان تیرا

(اختر شیرانی)

**پڑھنے کے دوران میں**

- ہماری تمام ضرورتیں کون پوری کرتا ہے؟
- دُنیا کی ہر چیز کس کی تعریف بیان کرتی ہے؟

**برائے اساتذہ**

حمد پہلے خود درست تلفظ، لَے، آہنگ اور ترنم کے ساتھ پڑھیں، پھر بچّوں سے پڑھوائیں۔ بچوں کو مشکل الفاظ کے درست تلفظ اور مفہوم سے آگاہ کریں۔ بچوں کو حمد کے اشعار کا مفہوم آسان الفاظ میں سمجھائیں اور بتائیں کہ جس نظم میں اللہ تعالیٰ کی تعریف بیان کی جائے، اسے ''حمد'' کہتے ہیں۔ اوسط اور تحت الاوسط درجے کے طلبہ کو نظم خوانی کا زیادہ موقع دیا جائے۔

Click https://bit.ly/FG-Books to download all PDF FG books for FREE

## اہم الفاظ

۱۔ ان الفاظ کے معانی سمجھیں اور جملے بنائیں۔ (زبانی)

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| شَفقَت | مہربانی | ہر دم | ہر وقت |
| بیاباں | ویرانہ | احسان | نیکی |
| دھیان | توجّہ | حیوان | جانور |

## آؤ سمجھیں

۲۔ دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں۔

(الف) ہم مُشکل میں کِس کا سہارا چاہتے ہیں؟

______________________________

______________________________

(ب) اِس نظم میں جِن چیزوں کا ذکر ہے، ان میں سے چار کے نام بتائیں۔

______________________________

______________________________

(ج) بتائیں یہ نظم حمد کیوں ہے؟

______________________________

______________________________

برائے اساتذہ

اہم الفاظ دینے کا مقصد بچوں کو مشکل الفاظ کے مفہوم سے آگاہ کرنا اور ان کے ذخیرۂ الفاظ میں اضافہ کرنا ہے تاکہ وہ اپنی روزمرّہ گفتگو میں اُن کا بہتر استعمال کر سکیں۔ ''اہم الفاظ'' کے تحت دیے گئے الفاظ کا درست تلفظ اور مفہوم بچوں کو بتائیں۔ بعد ازاں بچّوں سے الفاظ کے زبانی جملے بھی بنوائیں۔ ''آؤ سمجھیں'' کے تحت دیے گئے سوالات کے جوابات پہلے بچوں سے زبانی پوچھیں، بعد میں تحریر کروائیں۔

Click https://bit.ly/FG-Books to download all PDF FG books for FREE

### ۳۔ حمد کے مطابق کالم (الف) کو کالم (ب) سے ملائیں۔

| (الف) | (ب) |
| --- | --- |
| مثال: بَندوں پہ شَفقت، ہے کام تیرا | شہر اور بیاباں، تُو نے بسائے |
| حیوان، انساں تو نے بنائے | پُھول اور پَھل سب، تُو نے بنائے |
| تُو نے بنائی، یہ ساری دنیا | لیتے ہیں ہر دَم، ہم نام تیرا |
| باغوں میں تُو نے، پودے اُگائے | یہ خُوب صُورت، یہ پیاری دنیا |

## بات سے نکلے بات

### ۴۔ دی گئی تصویر کو غور سے دیکھیں اور نیچے پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیں۔ (زبانی)



- تصویر میں کون کون سی چیزیں نظر آ رہی ہیں؟
- آپ کا پسندیدہ پھل کون سا ہے اور کیوں؟
- پانی ہمارے کس کام آتا ہے؟

**برائے اساتذہ:** سوال نمبر ۳ کی سرگرمی سے پہلے بچوں سے حمد سنیں، پھر سوال نمبر ۳ میں دی گئی سرگرمی حل کروائیں۔ بچّوں کو سوال نمبر ۴ میں دی گئی تصویر پر غور کرنے اور اُس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے زبانی جوابات دینے کا موقع دیں۔ خیال رکھیں کہ ہر بچّے کو بولنے کا موقع ملے۔

Click https://bit.ly/FG-Books to download all PDF FG books for FREE

## لفظوں کا کھیل

**٥۔ مثال کے مطابق معمّے میں سے الفاظ ڈھونڈ کر اُن کے گرد دائرہ لگائیں اور نیچے لکھیں۔**





| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ١ س | و | ر | ج | ٢ ت | ل |
| ر | ٣ ک | ے | ل | ا | ا |
| ٤ آ | س | ت | ط | ر | ے |
| ٥ گ | ا | ج | ر | ے | ک |




مثال ١ سُورج ٢ ٣

٤ ٥

## آؤ پڑھیں

**٦۔ دی گئی عبارت درست تلفظ اور روانی سے پڑھیں۔**

اللہ تعالیٰ اِس کائنات کا مالک ہے۔ یہ ساری دنیا اُسی نے بنائی ہے۔ سُورج، چاند، ستارے، پھَل، پھُول، اِنسان اور حیوان وغیرہ سب اللہ تعالیٰ ہی نے بنائے ہیں۔ ہمیں اِن نعمتوں کے لیے اللہ تعالیٰ کا شُکر ادا کرنا چاہیے۔

برائے اساتذہ

سوال نمبر ٦ میں دی گئی عبارت بچّوں سے درست تلفظ اور روانی سے پڑھوائیں۔ پڑھنے کے معیار کے مطابق ہر بچّے کو ایک منٹ میں ٣٠ سے ٤٠ الفاظ روانی سے پڑھنے چاہییں۔

Click https://bit.ly/FG-Books to download all PDF FG books for FREE

## قواعد سیکھیں

۷۔ مثال کے مطابق لکیر کے ذریعے سے واحد الفاظ کو ان کی جمع سے ملائیں۔

مثال

| واحد | جمع |
|---|---|
| پودا | تارے |
| کتاب | میزیں |
| تصویر | کتابیں |
| میز | پودے |
| تارا | تصویریں |

## آؤ لکھیں

۸۔ دی گئی ہر تصویر کے بارے میں تین جملے لکھیں۔



___________________________

___________________________

___________________________



___________________________

___________________________

___________________________

برائے اساتذہ

بچوں کو تصویری فلیش کارڈ تارا، تارے، پودا اور پودے وغیرہ کی مدد سے واحد جمع کا تصور سمجھائیں۔

سوال نمبر ۸ کی سرگرمی کے لیے پہلے بچّوں سے تصویروں سے متعلق مختلف سوالات کریں، پھر اُن کے جوابات تحریر کرنے میں بچّوں کی رہنمائی کریں۔ جیسے: درختوں سے ہمیں لکڑی حاصل ہوتی ہے، جو فرنیچر بنانے کے لیے استعمال ہوتی ہے وغیرہ۔

Click https://bit.ly/FG-Books to download all PDF FG books for FREE

# نعت

## مقاصد

یہ سبق پڑھنے کے بعد طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- آہنگ اور لَے کے حوالے سے سادہ مصرعے، اشعار اور نعتیں سُن کر لُطف اُٹھا سکیں۔
- کِیا گیا سوال سمجھ کر اس کا جواب دے سکیں۔
- ایسے الفاظ کی ۷۰ سے ۸۰ فیصد درست نشان دہی کر سکیں جو کسی دوسرے لفظ کا ہم آواز ہو۔
- نظم کو سمجھ کر درست تلفظ کے ساتھ پڑھ سکیں۔
- متضاد الفاظ بنا سکیں۔
- دیے گئے موضوع پر خود سے پانچ جملے لکھ سکیں۔

## پڑھنے سے پہلے

- اللہ تعالیٰ کے آخری رسول کا نام کیا ہے؟
- نبی کریم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کا روضۂ مبارک کس شہر میں ہے؟

## آؤ مزید جانیں

- رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کا دوسرا نام ''احمد'' ہے۔ احمد کا مطلب ہے ''بہت زیادہ قابلِ تعریف۔''



برائے اساتذہ

یہ صفحہ اساتذہ کرام کے لیے ہے۔ تدریسی عمل کو مؤثر بنانے کے لیے سبق کے ''مقاصد'' دیے جا رہے ہیں جو اساتذہ کے لیے معاون ثابت ہوں گے۔ سبق کا متن پڑھانے سے قبل ''پڑھنے سے پہلے'' کے سوالات بچّوں سے پوچھیں تا کہ وہ پڑھنے کے لیے ذہنی طور پر تیار ہو سکیں۔ ''پڑھنے کے دوران میں'' کے سوالات متن پڑھانے کے دوران میں بچوں سے پوچھیں۔ ''آؤ مزید جانیں'' میں دی گئی اضافی معلومات بھی بچّوں کو موقع محل کے مطابق دی جائیں۔

Click https://bit.ly/FG-Books to download all PDF FG books for FREE

سبق ۲

# نعت



ہمارے نبی احمدِ مُصطفیٰؐ ہیں
فِدا اُن پہ ہم، وہ رسولِ خُدا ہیں

خُدا کی اِطاعَت ہے، اُن کی اِطاعت
خُدا تک پہنچنے کا وہ راستا ہیں

اُنھی سے مِلی دِین و اِیماں کی دولت
اُنھی پر دل و جان سے ہم فِدا ہیں

ہمیشہ رہے نام اُن کا زباں پر
وہی آرزُو ہیں، وہی مدّعا ہیں

(قیوّم نظر)

**پڑھنے کے دوران میں**

- خُدا تک پہنچنے کا راستا ہمیں کِس نے دکھایا؟

**برائے اساتذہ**

بچّوں کو بتائیں کہ نعت ایسی نظم کو کہتے ہیں جس میں آخری نبی حضرت محمد صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی تعریف بیان کی گئی ہو اور نبی پاکؐ کی صفات کا ذکر کیا گیا ہو۔
نعت پہلے خود درست تلفظ، آہنگ اور لَے کے ساتھ پڑھیں، پھر بچّوں سے پڑھوائیں۔ بچوں کو مشکل الفاظ کا درست تلفظ اور مفہوم بتائیں۔
بچّوں کو "نعت" کے اشعار کا مفہوم آسان لفظوں میں سمجھائیں اور نعت میں آنے والے ہم آواز الفاظ دہرانے کے لیے کہیں۔

Click https://bit.ly/FG-Books to download all PDF FG books for FREE

## اہم الفاظ

ا۔ ان الفاظ کے معانی سمجھیں اور جملے بنائیں۔ (زبانی)

| معانی | الفاظ | معانی | الفاظ |
|---|---|---|---|
| حُکم ماننا | اِطاعَت | حضور پاکؐ کا لقب، چُنا ہوا، پسندیدہ | مُصطفٰیؐ |
| مُراد، مقصد، مطلب | مدّعا | خواہش | آرزُو |

## آؤ سمجھیں

۲۔ دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں۔

(الف) ہمیں دِین اور اِیمان کی دولت کِس سے مِلی؟

_______________________________________________

_______________________________________________

(ب) رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی اِطاعَت ہم کیسے کر سکتے ہیں؟

_______________________________________________

_______________________________________________

(ج) اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو دنیا میں کیوں بھیجا؟

_______________________________________________

_______________________________________________

برائے اساتذہ

اہم الفاظ کے تحت دیے گئے الفاظ اساتذہ درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں اور بچّوں کو ان کے مفہوم سے آگاہ کریں، نیز بچّوں سے ان الفاظ کے زبانی جملے بھی بنوائیں۔
''آؤ سمجھیں'' کے تحت دیے گئے سوالات معلوماتی، تفہیمی، اطلاقی اور تخلیقی نوعیت کے ہیں۔ اوسط اور تحت الاوسط درجے کے طلبہ سے زیادہ سوال کیے جائیں۔ سوالات کے جواب پہلے زبانی پوچھیں، بعد ازاں تحریر کروائیں۔

Click https://bit.ly/FG-Books to download all PDF FG books for FREE

## بات سے نکلے بات

۳۔ دی گئی تصویر کو غور سے دیکھ کر بتائیں کہ آپ ان کی مدد کیسے کریں گے؟



## لفظوں کا کھیل

۴۔ ہر لفظ کے آخر میں ''و'' لگا کر نئے الفاظ بنائیں اور اُنھیں درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| بول | | توڑ | |
| کھول | | موڑ | |
| تول | | سوچ | |
| چھوڑ | | جوڑ | |

برائے اساتذہ

سوال نمبر ۳ کی تصویر میں دی گئی صورتِ حال کے بارے میں بچّوں سے بات چیت کریں اور ان سے پوچھیں کہ ایسی صورتِ حال میں وہ دوسروں کی مدد کیسے کریں گے؟
سوال نمبر ۴ کی سرگرمی کا مقصد بچّوں سے الفاظ سازی کی مشق کروانا ہے۔ اس مقصد کے لیے بچوں کو لفظ ''بول'' بتائیں اور ان سے کہیں کہ وہ اس کے آخر میں ''و'' لگا کر نیا لفظ بنائیں۔
جیسے: ''بولو''، اسی طرح یہ سرگرمی باقی الفاظ پر کروائیں۔

Click https://bit.ly/FG-Books to download all PDF FG books for FREE

## آؤ پڑھیں



**۵۔ دیے گئے اشعار کو درست تلفظ لَے اور آہنگ سے پڑھیں۔**

دِلوں کے سہارے ہمارے نبیؐ
ہمیں اپنی جاں سے ہیں پیارے نبیؐ
وہ اللہ کے آخری ہیں رسولؐ
سِکھائے ہمیں زندگی کے اُصول
خُدا سے ہماری یہی ہے دُعا
محمدؐ کے رَستے پہ سب کو چلا

(خواجہ عابد نظامی)

## قواعد سیکھیں



**دیے گئے جملے پڑھیں۔ ان میں ''متضاد الفاظ'' کو نمایاں کیا گیا ہے۔**

- زینب **چھوٹی** اور سعد یہ **بڑی** ہے۔
- **جُھوٹ** مَت بولو، ہمیشہ **سچ** بولو۔

**۶۔ مثال کے مطابق الفاظ اور ان کے متضاد کو لکیر کے ذریعے سے ملائیں۔**

مثال

| الفاظ | متضاد |
|---|---|
| اچھّا | آسان |
| رات | نزدیک |
| دُور | بُرا |
| مُشکل | نیچے |
| اُوپر | دِن |

برائے اساتذہ

سوال نمبر ۵ میں دیے گئے اشعار بچّوں سے درست تلفظ اور روانی سے پڑھوائیں۔ پڑھنے کے معیار کے مطابق ہر بچّے کو ایک منٹ میں ۳۰ سے ۴۰ الفاظ روانی سے پڑھنے چاہییں۔ بچّوں کو دن، رات اور بڑا، چھوٹا کے تصویری فلیش کارڈ وغیرہ کی مدد سے متضاد الفاظ کی پہچان کرائیں۔ بچّوں کو بتائیں کہ جو الفاظ معانی کے لحاظ سے ایک دوسرے کے اُلٹ ہوں، اُنھیں ''متضاد الفاظ'' کہتے ہیں۔

Click https://bit.ly/FG-Books to download all PDF FG books for FREE

## آؤ لکھیں

۷۔ دیے گئے لفظوں کی مدد سے پیارے نبی صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم سے متعلق پانچ جملے لکھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| والد اور والدہ کا نام | آخری نبیؐ | قرآن مجید | مکّہ |

حضرت محمد صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم ________________

________________________________

________________________________

________________________________

________________________________

AFAQ
TopStudyWorld

برائے اساتذہ

سوال نمبر ۷ کی سرگرمی سے پہلے بچّوں سے نبی کریم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے بارے میں پوچھیں۔ پھر بچوں کو بتائیں کہ پیارے نبیؐ کے والد کا نام حضرت عبداللہ، والدہ کا نام حضرت آمنہ اور آپؐ پر نازل ہونے والی کتاب قرآن مجید ہے۔ بعدازاں سوال نمبر ۷ میں دی گئی سرگرمی کروائیں۔

Click https://bit.ly/FG-Books to download all PDF FG books for FREE

# ببلو کی آئی شامت

## مقاصد

یہ سبق پڑھنے کے بعد طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- مختصر کہانی سن کر دوبارہ وہی کہانی خاص خاص نکات سمیت زبانی سنا سکیں۔
- بول چال میں جملوں کے تسلسل کو برقرار رکھتے ہوئے کہانی کو اپنے الفاظ میں بیان کرسکیں۔
- تصویری کہانی پر گفتگو کرسکیں۔
- اپنی جماعت کے حساب سے ۷۰ فیصد سے زائد متن فہم سے پڑھ سکیں۔
- جملوں کو نقل کرسکیں۔
- بے ترتیب الفاظ سے جملے مرتب کرسکیں۔
- کسی بھی عنوان پر پانچ جملے لکھ سکیں۔
- روزمرہ معاملات (اسکول، گھر، محلّے، کھیل کے میدان) میں رواداری اختیار کرسکیں۔

## پڑھنے سے پہلے

- آپ کون سا کھیل کھیلتے ہیں؟
- گھر سے باہر جاتے وقت آپ کس سے اجازت لیتے ہیں؟

## آؤ مزید جانیں

- اللہ تعالیٰ کا ایک نام ''غفور'' ہے۔ جس کا مطلب ہے ''معاف کرنے والا۔''



**برائے اساتذہ**

یہ صفحہ اساتذہ کرام کے لیے ہے۔ تدریسی عمل کو مؤثر بنانے کے لیے سبق کے ''مقاصد'' دیے جا رہے ہیں جو اساتذہ کے لیے معاون ثابت ہوں گے۔ سبق کا متن پڑھانے سے قبل ''پڑھنے سے پہلے'' کے سوالات بچّوں سے پوچھیں تاکہ وہ پڑھنے کے لیے ذہنی طور پر تیار ہوسکیں۔ ''پڑھنے کے دوران میں'' کے سوالات متن پڑھانے کے دوران میں بچوں سے پوچھیں۔ ''آؤ مزید جانیں'' میں دی گئی اضافی معلومات بھی بچّوں کو موقع محل کے مطابق دی جائیں۔

Click https://bit.ly/FG-Books to download all PDF FG books for FREE

سبق ۳

# بَبلُو کی آئی شامَت

ببلُو اور اُس کے دوست نہر کے کِنارے کرکٹ کھیل رہے تھے۔ ببلُو نے کھیلتے ہوئے زور سے بلّا گُھمایا تو گیند سِیدھی نہر کے اُس پار گاجروں کے کھیت میں چلی گئی۔''ارے! اب ہم کیا کریں؟'' سب دوست پریشان ہو کر سوچنے لگے۔ اُن میں سے ایک کی نظر نہر کے کِنارے دُور کھڑی ہوئی کَشتی پر پڑی۔ سب دوست دوڑتے ہوئے اُس جانب بڑھے۔ اُنھوں نے کَشتی کے مَلاح سے کہا کہ وہ ہمیں نہر کے دوسرے کِنارے لے جائے۔ مَلاح نے اُنھیں کَشتی میں بٹھایا۔ کَشتی نہر کی دوسری طرف روانہ ہوئی۔ جلد ہی وہ سب نہر کے پار گاجروں کے کھیت میں پہنچ گئے۔



سب دوست مِل کر گاجروں کے کھیت میں گیند ڈُھونڈنے لگے، مگر ببلُو مَزے سے گاجریں کھانے لگ گیا۔ اِتنے میں باغ کا مالک مِنکُو میاں اُدھر آ پہنچا۔ ببلُو کو دیکھ کر وہ غُصّے سے بولا: ''آپ میرے کھیت میں کیا کر رہے ہیں؟''

Click https://bit.ly/FG-Books to download all PDF FG books for FREE

مِنکُو میاں کو اپنے سامنے کھڑا دیکھ کر بَبلُو ڈر کر دوڑا۔ باڑ کو پھلانگتے ہوئے وہ مُنھ کے بَل گِرا۔ اُس کی قمیص بھی پھٹ گئی۔ اِتنے میں مِنکُو میاں وہاں پہنچ گئے اور اُسے پکڑ لیا۔ بَبلُو کو اپنی امّی جان کی نصیحت یاد آئی کہ نہر کے پار مَت جانا اور بغیر اجازت کبھی کسی کی چیز نہ لینا۔ وہ ڈر کے مارے رونے لگا۔ روتے روتے اُس نے مِنکُو میاں سے معافی مانگی۔ مِنکُو میاں نے اُسے معاف کر دیا۔ تھوڑی دیر کے بعد بَبلُو کے باقی دوست بھی آ گئے اور وہ سب کشتی میں بیٹھ کر واپس روانہ ہوئے۔



بَبلُو گھر پہنچا، تو اُس کی امّی جان اُس کی حالت دیکھ کر پریشان ہو گئیں۔ امّی جان نے پوچھا: ''بَبلُو بیٹا! کیا ہُوا؟'' بَبلُو نے روتے ہوئے ساری بات بتا دی۔ یہ سُن کر امّی جان نے کہا: ''بَبلُو بیٹا! آپ پریشان نہ ہوں، میں آپ کے لیے نئی گیند خرید لیتی ہوں۔'' امّی جان نے بَبلُو کو نئی گیند خرید کر دی۔ بَبلُو گیند لے کر بہت خُوش ہُوا۔ اُس نے وعدہ کیا کہ آئندہ وہ بڑوں کا کہنا مانے گا۔

**پڑھنے کے دوران میں**

- آپ کے خیال میں بَبلُو کو پریشانی کیوں اُٹھانا پڑی؟
- کسی کی اجازت کے بغیر اُس کی چیز لے لینا کیسی عادت ہے؟

**برائے اساتذہ**

سبق کی خواندگی نمونے کے طور پر پہلے خود پڑھیں، پھر بچّوں سے کروائیں۔ بچّوں کو مشکل الفاظ کا درست تلفظ اور مفہوم بتائیں۔ بچّوں کو بتائیں کہ ہمیں ہمیشہ بڑوں کا کہنا ماننا چاہیے کیوں کہ بڑوں کا کہنا نہ ماننے سے انسان ہمیشہ نقصان اٹھاتا ہے۔

Click https://bit.ly/FG-Books to download all PDF FG books for FREE

## اہم الفاظ

۱۔ان الفاظ کے معانی سمجھیں اور جملے بنائیں۔(زبانی)

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| مزے سے | خُوش ہوکر | مُنھ کے بَل گرنا | گرتے ہی مُنھ زمین پر لگنا |
| نصیحت | اچھّی صلاح | پار | دوسری طرف |

## آؤ سمجھیں

۲۔دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں۔

(الف) بَبلُو اور اُس کے دوست نہر کے کنارے کیا کر رہے تھے؟

______________________________

______________________________

(ب) بَبلُو کیوں پکڑا گیا؟

______________________________

______________________________

(ج) اِس کہانی سے آپ نے کیا سبق سیکھا؟

______________________________

______________________________

برائے اساتذہ

''اہم الفاظ'' کے تحت دیے گئے الفاظ کا درست تلفظ اور مفہوم بچّوں کو بتائیں، پھر بچّوں سے ان الفاظ کے زبانی جملے بنوائیں۔''آؤ سمجھیں''میں دیے گئے سوالات کے جوابات بچّوں سے پہلے زبانی پوچھیں، بعد میں تحریر کروائیں۔

Click https://bit.ly/FG-Books to download all PDF FG books for FREE

### ۳۔ سبق کے مطابق درست اور غلط جواب کی نشان دہی (✓) کا نشان لگا کر یں۔

| | | |
|---|---|---|
| بَبلُو کی گیند نہر کے پار گاجروں کے کھیت میں چلی گئی تھی۔ | درست | غلط |
| کھیت میں جا کر بَبلُو امرود کھانے لگ گیا تھا۔ | درست | غلط |
| مِنکُو میاں نے بَبلُو کو معاف نہیں کیا۔ | درست | غلط |
| بَبلُو اور اُس کے دوستوں نے کشتی کے ذریعے سے نہر پار کی۔ | درست | غلط |
| بَبلُو کی امّی جان نے اُسے کھیت میں جانے سے منع نہیں کیا تھا۔ | درست | غلط |

## بات سے نکلے بات

### ۴۔ نیچے دی گئی تصویروں کے بارے میں استاد سے کہانی سُنیں اور اُس کے اہم نکات جماعت کے ساتھیوں کو بتائیں۔




برائے اساتذہ

اوپر دی گئی تصویروں کی مدد سے بچّوں کو ایک کہانی ''آئیں مدد کریں'' کے عنوان سے سنائیں۔

اشارات برائے تصاویر: ۱۔ بَبلُو اپنے دوستوں کے ساتھ فٹ بال کھیل رہا تھا۔ ۲۔ کھیلنے کے دوران میں بَبلُو کو چوٹ لگ گئی۔ ۳۔ دونوں دوستوں نے اس کی مدد کی اور اسے گھر لے آئے۔ امّی جان نے بَبلُو کی پٹّی کی۔ ۴۔ بَبلُو نے اپنے دوستوں کا شکریہ ادا کیا۔

بعد ازاں جماعت کے بچّوں کے چار گروہ بنا کر ہر گروہ سے باری باری کہانی کے اہم نکات کے بارے میں دریافت کریں۔ خیال رکھیں کہ ہر بچّے کو بولنے کا موقع ملے۔

Click https://bit.ly/FG-Books to download all PDF FG books for FREE



## لفظوں کا کھیل

۵۔ الفاظ کے درمیان والا حرف بدل کر نئے الفاظ بنائیں۔

مثال

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بول | بال | ڈول | | دعا | |
| چار | | رنگ | | مور | |



## آؤ پڑھیں

٦۔ دی گئی عبارت درست تلفظ اور روانی کے ساتھ پڑھیں اور دیے گئے سوال کا زبانی جواب دیں۔

بَبلُو اسکول سے گھر واپس آ رہا تھا کہ اُس کے آگے ایک بُڑھیا جا رہی تھی۔ اچانک بُڑھیا کو ٹھوکر لگی۔ بُڑھیا زمین پر گر پڑی اور اُس کا سامان اِدھر اُدھر بکھر گیا۔ بَبلُو جلدی سے بُڑھیا کی طرف گیا۔ اُس نے بُڑھیا کی اُٹھنے میں مدد کی، پھر سارا سامان سمیٹ کر تھیلے میں ڈال دیا۔ بُڑھیا بہت خُوش ہوئی اور اُس نے بَبلُو کو بہت ساری دُعائیں دیں۔

سوال ○ اگر آپ بَبلُو کی جگہ ہوتے تو کیا کرتے؟



## قواعد سیکھیں

غور سے پڑھیں۔ کالم (الف) میں بے ترتیب الفاظ دیے گئے ہیں جبکہ کالم (ب) میں ان الفاظ کو درست ترتیب سے لکھ کر جملہ بنایا گیا ہے۔

| کالم (الف) | کالم (ب) |
|---|---|
| بَبلُو، گاجر، نے، کھائی | بَبلُو نے گاجر کھائی۔ |

برائے اساتذہ

سوال نمبر ۵ کی سرگرمی کا مقصد بچّوں سے مختلف طریقوں سے الفاظ سازی کروانا ہے تا کہ ان کے ذخیرۂ الفاظ میں اضافہ ہو سکے۔

سوال نمبر ٦ میں دیا گیا پیراگراف بچّوں سے درست تلفظ اور روانی سے پڑھوائیں۔ پڑھنے کے معیار کے مطابق ہر بچّے کو ایک منٹ میں ۳۰ سے ۴۰ الفاظ روانی سے پڑھنے چاہییں۔

Click https://bit.ly/FG-Books to download all PDF FG books for FREE

## ۷۔ دیے گئے بے ترتیب الفاظ کو ترتیب دے کر جملے دوبارہ لکھیں۔

بَبلُو — کھائی — گاجر — نے

بَبلُو — کھیلا — فٹ بال — نے

بَبلُو — ہے — بچّہ — بہت — اچھّا

پھُولوں — رنگ برنگ — بیٹھی — پر — تِتلیاں — ہیں

## ۸۔ دیا گیا پیراگراف اپنی کاپی میں خوش خط لکھیں۔

بَبلُو چھُٹّی کے دن اپنے امّی ابّو کے ساتھ پارک کی سیر کو گیا۔ وہاں آسمانی جھُولے تھے۔ اُنھوں نے جھُولے لیے، مزے دار آئس کریم کھائی اور شام کو خُوشی خُوشی گھر واپس آئے۔ امّی جان نے بَبلُو سے پُوچھا کہ کیا اُسے آج پارک میں مزا آیا؟ بَبلُو نے جوش سے جواب دیا: ''جی امّی جان! ہم اگلے ہفتے دوبارہ جائیں گے۔''

**برائے اساتذہ**

بچّوں سے بے ترتیب الفاظ سے جملہ مرتب کرنے کی مشق کروائیں۔ بچّوں کو بتائیں کہ جملے میں الفاظ کی ترتیب آگے پیچھے کرنے سے بات سمجھ میں نہیں آتی۔ اس لیے جملہ لکھتے ہوئے الفاظ کی ترتیب کا خاص خیال رکھنا چاہیے۔ سوال نمبر ۸ کی سرگرمی کے لیے اوپر دیا گیا پیراگراف بچّوں سے کاپی میں خوش خط لکھوائیں۔

Click https://bit.ly/FG-Books to download all PDF FG books for FREE

## آؤ لکھیں

۹۔ اپنے پسندیدہ کھیل کی تصویر بنائیں اور اُس کے بارے میں پانچ جملے لکھیں۔



### میرا پسندیدہ کھیل

AFAQ
TopStudyWorld

برائے اساتذہ

سوال نمبر ۹ کی سرگرمی سے پہلے بچّوں سے ان کے پسندیدہ کھیل کے بارے میں دریافت کریں، بعدازاں جواب تحریر کرنے میں ان کی رہنمائی کریں۔

Click https://bit.ly/FG-Books to download all PDF FG books for FREE

سبق ۴

# آؤ مِل کر کھیلیں

## (سُنانے کی کہانی)

**سُنانے سے پہلے**

- کیا کبھی آپ بھی اپنے دوست سے ناراض ہوئے ہیں؟ اگر ہاں تو ناراضگی کی وجہ کیا تھی؟
- اس صفحے پر بنی تصویر میں بچے کیا کر رہے ہیں؟

سارہ، رانیہ، ہُما، کامران اور اکرم دوست تھے اور ایک ہی محلّے میں رہتے تھے۔ وہ اکٹھّے کھیلتے اور خُوب شور مچاتے۔ ان دوستوں میں کامران بہت شرارتی تھا۔ وہ اپنے ساتھیوں کی چیزیں چُھپاتا، ربڑ کی بنی چِھپکلی پھینک کر انھیں ڈراتا اور کبھی نقلیں اتار کر انھیں تنگ کرتا۔ سارے دوست کامران کی شرارتوں سے بہت تنگ تھے۔



**برائے اساتذہ**

کہانی سنانے سے پہلے بچّوں سے ''سنانے سے پہلے'' کے سوالات پوچھیں اور ہر بچّے کو بولنے کا موقع دیں۔ بعدازاں بچّوں کو دل چسپ انداز میں کہانی سنائیں۔

Click https://bit.ly/FG-Books to download all PDF FG books for FREE

وہ خالہ راشدہ کے گھر میں لگی کچّی ناشپاتیاں توڑتا اور صحن میں بندھے کُتّے کو کنکریاں مار کر تنگ کرتا۔ گلی سے گزرتے ہوئے لوگوں کے گھروں کی گھنٹی بجا کر چُھپ جاتا۔

ایک دن سب دوستوں نے مِل کر مٹّی کا گھروندا بنانے کا فیصلہ کیا۔ سب دوستوں نے پہلے سامان اکٹّھا کیا اور پھر مِل کر ایک خُوب صُورت گھروندا بنایا۔ سب ایک دوسرے کی کوششوں کی تعریف کر رہے تھے کہ کامران کو شرارت سُوجھی۔ اُس نے چُپکے سے اپنا پاؤں گھروندے پر رکھا اور اُسے گرا دیا۔ سب دوست بے بسی سے اُسے دیکھتے رہے۔ اُنھوں نے فیصلہ کیا کہ اب وہ کامران کے ساتھ نہیں کھیلیں گے۔

**سُنانے کے دوران میں**

- لفظ مشغلہ کا مطلب ہے ''کھیل، تماشہ'' اس لفظ کو اپنے جملوں میں استعمال کریں۔
- لفظ ''چِھپکلی'' کو آپ کی زبان میں کیا کہتے ہیں؟
- لفظ ''شرارتی اور گھروندے'' کے آخری حروف کی آواز بتائیں۔



**برائے اساتذہ**

بچّوں سے پوچھیں کہ ان کی مادری زبان میں ''چھپکلی'' کو کیا کہتے ہیں؟ بچّوں کو لفظ ''مشغلہ'' کا مفہوم بتاتے ہوئے جملے میں اس کے استعمال کی ایک مثال دیں، پھر بچّوں سے زبانی جملے بنوائیں۔ بچّوں سے الفاظ ''شرارتی'' اور ''گھروندے'' کے آخری حروف کی آوازیں پوچھیں۔ ان لفظوں سے شروع ہونے والے الفاظ بھی پوچھیں۔ نیز بچّوں سے ''سنانے کے بعد'' کے سوالات بھی پوچھیں۔

Click https://bit.ly/FG-Books to download all PDF FG books for FREE

اگلے دن کامران گلی میں کھیلنے آیا، تو کسی نے اس کی طرف توجّہ نہ دی۔ کامران نے تھوڑی دیر خاموشی سے سب کو دیکھا اور پھر وہاں سے نِکل آیا۔ وہ گلی میں سے گزر رہا تھا کہ سامنے سے ایک بزرگ بابا نے آتے ہوئے کہا: ''شرارتی میاں! آج اکیلے کہاں جا رہے ہو؟'' کامران کوئی بھی جواب دیے بغیر، بُجھے ہوئے چہرے کے ساتھ آگے بڑھا اور اپنے گھر پہنچ گیا۔

کامران کی اُداسی گھر والوں نے بھی محسوس کی۔ اُس نے امّی جان کو بتایا کہ دوستوں نے اُسے اپنے ساتھ کھیلنے نہیں دیا۔ امّی اُسے سمجھاتے ہوئے بولیں: ''بیٹا! آپ کے دوست آپ کی شرارتوں کی وجہ سے آپ سے ناراض ہوگئے ہیں۔'' کامران نے اپنی امّی سے وعدہ کیا کہ وہ آئندہ کسی کو تنگ نہیں کرے گا۔ اُس کے یہ کہنے کی دیر تھی کہ سب دوست جو اُس کے پیچھے پیچھے اُس کے گھر چلے آئے تھے، اُچھل کر کمرے میں داخل ہوئے اور خُوشی سے بولے: ''یہ ہوئی نا بات! آؤ سب مِل کر کھیلیں۔''



**سُنانے کے بعد**

- کامران کے دوست اس سے کیوں تنگ تھے؟
- اگر کامران آپ کا دوست ہوتا تو آپ کیا کرتے؟

Click https://bit.ly/FG-Books to download all PDF FG books for FREE

# جائزہ نمبر۱

## سننا

۱۔ دیے گئے الفاظ سنیں اور ان کے دو دو ہم آواز الفاظ بنائیں۔ (زبانی)

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بنائی | نام | سارے | انسان | بول |

## بولنا

۲۔ اللہ تعالیٰ کی کوئی سی پانچ نعمتوں کے نام اور ان کا ایک ایک فائدہ بتائیں۔

## پڑھنا

۳۔ دیے گئے الفاظ کو ایک منٹ میں درست تلفظ اور روانی کے ساتھ پڑھیں۔

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذخیرہ | صُبح | وقت | شاخ | سِیڑھی | طاقَت | یقین | تِتلی | مکان | حُور |
| شام | روشن | راستا | رات | کتاب | دولت | جنگل | کھیلنا | چابی | دُنیا |
| عمل | عِبادَت | حیران | چاند | نصیحت | اِیمان | کھیت | سہارے | دوست | چُھٹّی |
| جُھوٹ | اِطاعت | ملّی | شرارت | ملّاح | خاموشی | پھلانگنا | اکٹھے | محلّہ | آرزو |
| مدّعا | رنگ برنگ | گھروندا | دِین | کشتی | | | | | |

Click https://bit.ly/FG-Books to download all PDF FG books for FREE

## زبان شناسی

۴۔ دیے گئے الفاظ کے متضاد لکھیں۔

| الفاظ | متضاد | الفاظ | متضاد |
|---|---|---|---|
| اچھّا | | اوپر | |
| اندر | | سردی | |
| نرم | | آگے | |

## لکھنا

۵۔ اپنے پسندیدہ کھلونے کے بارے میں پانچ جملے لکھیں۔

برائے اساتذہ

سکھائی گئی مہارتوں اور تصورات کی جانچ کے لیے دیا گیا جائزہ بچّوں سے انفرادی طور پر مکمل کروائیں۔ اسی نمونے پر ششماہی اور سالانہ امتحان کے جائزے مرتب کریں۔
تحریری کام کروانے کے دوران میں بچّوں کو باری باری بُلا کر جائزے میں دی گئیں سننے، بولنے اور پڑھنے کی سرگرمیاں کروائیں۔

Click https://bit.ly/FG-Books to download all PDF FG books for FREE

# میرا قائد

## مقاصد

یہ سبق پڑھنے کے بعد طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- ایک یا دو ارکان والے الفاظ ۷۰ سے ۸۰ فیصد تک درست ارکان میں توڑ سکیں۔ مثلاً: پُھول میں ''پھو'' اور ''ل''۔
- ۳۰ یا اس سے زائد الفاظ پر مشتمل عبارت ایک منٹ میں روانی سے پڑھ سکیں۔
- حروفِ جار کا صحیح استعمال کر سکیں۔
- پانچ سادہ جملوں پر مشتمل مربوط عبارت لکھ سکیں۔

## پڑھنے سے پہلے

- پاکستان کس نے بنایا؟
- آپ اپنی تعلیم مکمل کرنے کے بعد کیا بننا چاہتے ہیں اور کیوں؟

## آؤ مزید جانیں

- قائدِاعظم محمد علی جناح پاکستان کے سب سے پہلے گورنر جنرل تھے۔



برائے اساتذہ

یہ صفحہ اساتذہ کرام کے لیے ہے۔ تدریسی عمل کو مؤثر بنانے کے لیے سبق کے ''مقاصد'' دیے جا رہے ہیں جو اساتذہ کے لیے معاون ثابت ہوں گے۔ سبق کا متن پڑھانے سے قبل ''پڑھنے سے پہلے'' کے سوالات بچّوں سے پوچھیں تا کہ وہ پڑھنے کے لیے ذہنی طور پر تیار ہو سکیں۔ ''پڑھنے کے دوران میں'' کے سوالات متن پڑھانے کے دوران میں بچّوں سے پوچھیں۔ ''آؤ مزید جانیں'' میں دی گئی اضافی معلومات بھی بچّوں کو موقع محل کے مطابق دی جائیں۔

Click https://bit.ly/FG-Books to download all PDF FG books for FREE

سبق ۵

# میرا قائد

آدھی رات کا وقت تھا۔ سب لوگ سو رہے تھے۔ ایک لڑکا لیمپ جلائے پڑھ رہا تھا۔ گھر کی ایک خاتون کی آنکھ کھُلی، وہ اس لڑکے کے پاس گئیں اور بولیں: ''رات اتنی دیر تک نہ پڑھا کرو، صحت خراب ہو جائے گی۔''

لڑکے نے جواب دیا: ''اگر میں دیر تک نہیں پڑھوں گا تو بڑا آدمی کیسے بنوں گا؟''

پتا ہے یہ لڑکا کون تھا؟ یہ محنتی لڑکا محمد علی جناح تھا، جنھیں ہم قائدِاعظمؒ کے نام سے جانتے ہیں۔ قائدِاعظم محمد علی جناحؒ ۲۵ دسمبر ۱۸۷۶ء کو کراچی میں پیدا ہوئے۔ اِبتدائی تعلیم کراچی سے حاصل کی، بعد میں آپ اعلیٰ تعلیم کے لیے اِنگلستان چلے گئے۔ وہاں سے آپ نے وکالت کی تعلیم حاصل کی اور وکیل بنے۔



برائے اساتذہ

سبق کی خواندگی نمونے کے طور پر پہلے خود کریں پھر مختلف بچّوں سے کروائیں۔ درست تلفظ اور روانی کا خاص خیال رکھیں۔ بچّوں کو سبق میں آنے والے مشکل الفاظ کا تلفظ اور مفہوم بتائیں۔

Click https://bit.ly/FG-Books to download all PDF FG books for FREE



اُس وقت ہندوستان پر انگریزوں کی حکومت تھی۔ مُسلمان چاہتے تھے کہ اُن کا ایک الگ وطن ہو، جہاں وہ آزادی سے زندگی گزار سکیں۔

قائدِاعظمؒ کی رہ نُمائی میں مسلمانوں نے الگ وطن کے لیے جِدّوجہد شروع کر دی۔ جس کے نتیجے میں ۱۴ اگست ۱۹۴۷ء کو ہمارا آزاد مُلک پاکستان بن گیا۔



پاکستان بننے کے ایک سال بعد ۱۱ ستمبر ۱۹۴۸ء کو آپ وفات پا گئے۔ آپ کا مقبرہ کراچی میں ہے۔

قائدِاعظم محمد علی جناحؒ کی زندگی ہمارے لیے ایک مِثال ہے۔

**پڑھنے کے دوران میں**

- مسلمان الگ وطن کیوں چاہتے تھے؟
- آپ کے خیال میں قائدِاعظمؒ کا ہم پر سب سے بڑا احسان کیا ہے؟

**برائے اساتذہ**

اضافت سے جڑے لفظ قائدِاعظمؒ پڑھنے میں بچّوں کی مدد کریں ان کو قائدِاعظمؒ کا مفہوم بھی بتائیں۔ بچّوں کو بتائیں کہ پاکستان حاصل کرنے کا کیا مقصد تھا اور مسلمانوں نے اسے حاصل کرنے کے لیے بے شمار قربانیاں دیں۔

Click https://bit.ly/FG-Books to download all PDF FG books for FREE

## اہم الفاظ

ا۔ ان الفاظ کے معانی سمجھیں اور جملے بنائیں۔ (زبانی)

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| قائدِ اعظمؒ | بڑا راہنما | رَہ نُمائی | رَستا دکھانے کا کام |
| جِدّوجہد | کوشش | مِثال | نمونہ |

## آؤ سمجھیں

۲۔ دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں۔

(الف) گھر کی خاتون نے محمد علی کو رات دیر تک پڑھنے سے کیوں منع کیا اور محمد علی نے کیا جواب دیا؟

___________________________

___________________________

(ب) قائدِ اعظمؒ پیشے کے لحاظ سے وکیل تھے۔ آپ بڑے ہو کر کون سا پیشہ اختیار کرنا چاہیں گے؟

___________________________

___________________________

(ج) جو پیشہ آپ اختیار کریں گے، اُس سے دوسروں کو کیا فائدہ ہوگا؟

___________________________

___________________________

برائے اساتذہ

''اہم الفاظ'' کے تحت دیے گئے الفاظ کا درست تلفظ اور مفہوم بچّوں کو بتائیں، پھر بچّوں سے ان الفاظ کے زبانی جملے بنوائیں۔ ''آؤ سمجھیں'' میں دیے گئے سوالات کے جوابات بچّوں سے پہلے زبانی پوچھیں، بعد میں تحریر کروائیں۔

Click https://bit.ly/FG-Books to download all PDF FG books for FREE

۳۔ سبق کے مطابق کالم (الف) کو کالم (ب) سے ملائیں۔

| کالم (الف) | کالم (ب) |
|---|---|
| قائدِ اعظمؒ ابتدائی تعلیم حاصل کرنے کے بعد | انگریزوں کی حکومت تھی۔ |
| اُس وقت ہندوستان پر | مسلمانوں نے الگ وطن کے لیے جدّوجہد شروع کر دی۔ |
| قائدِ اعظمؒ کی رہ نُمائی میں | کراچی میں ہے۔ |
| قائدِ اعظمؒ کا مقبرہ | اعلیٰ تعلیم کے لیے انگلستان چلے گئے۔ |

## بات سے نکلے بات

۴۔ تصویروں کو غور سے دیکھ کر ان کے نام بتائیں اور پھر ان ناموں میں موجود ارکان کی تعداد تالی بجا کر بتائیں۔ (زبانی)








برائے اساتذہ

سوال نمبر ۴ کی سرگرمی کروانے سے پہلے بچّوں کو ارکان کی نشان دہی کروانے کے لیے ایک مثال بتائیں۔ جیسے: لفظ ''روٹی'' میں موجود ارکان کی نشان دہی دو بار تالی بجا کر کریں۔ اساتذہ بچّوں کے دو گروہ بنائیں۔ ایک گروہ کو تصویر دکھائیں، وہ گروہ اس تصویر کا نام بتائے گا۔ دوسرا گروہ اس تصویر کا نام سن کر اس کے ارکان الگ الگ کر کے ان کی آوازوں کی ادائیگی تالی بجا کر کرے۔

Click https://bit.ly/FG-Books to download all PDF FG books for FREE



## لفظوں کا کھیل

۵۔ دیے گئے الفاظ کے حروف الگ الگ کریں، پھر ہر لفظ کے آخری حرف سے ایک نیا لفظ بنائیں اور اعراب لگائیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| غُلام | غ | ل | ا | م | مِحنت |
| خراب | | | | | |
| حاصل | | | | | |
| روشن | | | | | |



## آؤ پڑھیں

٦۔ دی گئی عبارت درست تلفظ اور روانی کے ساتھ پڑھیں۔

قائدِاعظم محمد علی جناحؒ کو بچپن ہی سے کھیلوں میں بہت دِل چسپی تھی۔ آپ کرکٹ بہت شوق سے کھیلتے تھے۔ آپ کو گُھڑسواری کا بھی بہت شوق تھا۔ کھیلوں میں مہارت رکھنے کی وجہ سے آپ اپنے دوستوں میں بہت مشہور تھے۔

برائے اساتذہ

سوال نمبر ۵ کی سرگرمی کروانے کے لیے الفاظ تختۂ تحریر پر لکھ کر ان کے حروف الگ الگ کروائیں، پھر بچّوں کے چار گروہ بنا کر، ہر گروہ کو حرف 'م' سے بننے والا کوئی لفظ بتانے کے لیے کہیں۔ اس طرح یہ سرگرمی باقی الفاظ پر بھی کروائیں اور اعراب لگوائیں۔

سوال نمبر ٦ میں دی گئی عبارت بچّوں سے درست تلفظ اور روانی سے پڑھوائیں۔ پڑھنے کے معیار کے مطابق ہر بچّے کو ایک منٹ میں ۳۰ سے ۴۰ الفاظ روانی سے پڑھنے چاہییں۔

Click https://bit.ly/FG-Books to download all PDF FG books for FREE

## قواعد سیکھیں

دیے گئے جملے غور سے پڑھیں۔ اُن میں نمایاں کیے گئے الفاظ ''حروفِ جار'' ہیں۔



- کچھوا درخت کے **پیچھے** ہے۔



- کچھوا پتّوں کے **نیچے** ہے۔

۷۔ تصویر کے مطابق دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

میں | پیچھے | سامنے | نیچے



- لڑکی درخت کے ................ ہے۔
- مچھلیاں تالاب ................ ہیں۔
- گلہری جُھولے کے ................ ہے۔
- بطخ کے بچّے اُس کے ................ ہیں۔

## آؤ لکھیں

۸۔ اگر آپ قائدِاعظمؒ کے زمانے میں ہوتے اور آپ کو قائدِاعظمؒ سے ملنے کا موقع ملتا تو آپ اُن سے کیا باتیں کرتے؟ پانچ جملے اپنی کاپی میں لکھ کر بتائیں۔

برائے اساتذہ

بچّوں کو حروفِ جار کی مشق کروائیں۔ انھیں بتائیں کہ وہ حروف جو ایک لفظ کا دوسرے لفظ سے تعلق قائم کرتے ہیں ''حروفِ جار'' کہلاتے ہیں۔ انھیں چند مشہور حروفِ جار (اندر، باہر، آگے، پیچھے، نزدیک، میں، سے) وغیرہ کے بارے میں بتا کر زبانی جملوں میں ان کا استعمال کروائیں۔

سوال نمبر ۸ کی سرگرمی کے لیے بچّوں کی رہنمائی کریں۔ جہاں کوئی مشکل لفظ لکھنے میں انھیں دقّت پیش آئے، ان کی مدد کریں۔ اس کے لیے تمام ممکنہ مشکل الفاظ تختۂ تحریر پر لکھ دیں۔ اس سرگرمی کا مقصد بچّوں کی تخلیقی صلاحیتوں کو پروان چڑھانا ہے۔

Click https://bit.ly/FG-Books to download all PDF FG books for FREE

Approved by National Curriculum Council,
Ministry of Federal Education & Professional Training,
Government of Pakistan vide Letter No. F. No 1(1) 17-NCC,
dated 2nd December 2019

# قومی ترانہ

پاک سر زمین شاد باد کِشورِ حسین شاد باد
تُو نِشانِ عزمِ عالی شان ارضِ پاکستان!
مرکزِ یقین شاد باد

پاک سَر زمین کا نِظام قُوّتِ اُخُوّتِ عوام
قوم، ملک، سلطنت پائندہ، تابندہ باد
شاد باد منزلِ مراد

پرچم ستارہ و ہلال رہبرِ ترقّی و کمال
ترجمانِ ماضی، شانِ حال جانِ استقبال!
سایۂ خدائے ذُوالجلال

Developed by:

Association For Academic Quality

Lahore
18-A Johar Town, Lahore.
Phone: +92-42-111-AFAQ-PK (2327-75),042-35171090-91
Fax:+92-42-35171089 Email:quality@afaq.edu.pk

Islamabad
Ajmir Manziel 2, Stadium road Junction, IJP Road Islamabad
Ph: +92-51-8433228, +92-51-8433227
Email: islamabad@afaq.edu.pk

www.afaq.edu.pk

Not for Sale